**11.07.2025**
**2115 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
**Music**

--------------------------------

☆ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے زور دے کر کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران بھارت نے سرحد پار پاکستان میں بغیر کسی چوک کے دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے غیرملکی میڈیا کو بھارت کی جانب نقصان کا کوئی معتبر ثبوت پیش کرنے کا چیلنج کیا۔
☆ DRDO اور بھارتی فضائیہ نے اوڈیشہ میں بصری حدود سے پرے فضا سے فضا میں مار کرنے والے Astra میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔
☆ حکومت نایاب زمینی مقناطیس کی پیداوار کو فروغ دینے کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سبسڈی اسکیم کو شروع کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔
☆ چھتیس گڑھ کے نارائن پور میں 22ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔
☆ کرکٹ میں لارڈس ٹیسٹ میں میزبان انگلینڈ کی پوری ٹیم بھارت کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں 387رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔
☆ اور... ومبلڈن ٹینس میں Carlos Alcaraz سیمی فائنل مقابلے میں Taylor Frits کو ہرا کر مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ آج دیر رات دوسرے سیمی فائنل میں نوواک جوکووچ کا مقابلہ Jannik Sinner سے ہوگا۔

--------------------------------

**Music**
اب خبریں تفصیل سے---

***IIT-NSA***

بھارت نے حالیہ آپریشن سندور کے دوران سرحد کے نزدیک نہیں بلکہ سرحد پار پاکستان کے اندر دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ یہ حملے بالکل مقررہ اہداف پر درستگی کے ساتھ کیے گئے۔ بھارتی مسلح افواج اِس بات کو جانتی تھی کہ کون کہاں ہے اور میزائل نے نہایت درستگی کے ساتھ ٹھکانے کو نشانہ بنایا۔ یہ بات آج چنئی میں IIT مدارس میں 62ویں سالانہ جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کرتے ہوئے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہی۔ انہوں نے آپریشن سندور کے بارے میں غلط معلومات پھیلانے کیلئے غیر ملکی میڈیا کو تنقید کا نشانہ بنایا اور انہیں چیلنج کیا کہ بھارت کی جانب کسی بھی نقصان کے بارے میں کوئی معتبر ثبوت پیش کرے۔ جناب ڈوبھال نے زور

دے کر کہا کہ بھارت کی جانب معمولی، ادنیٰ شیشے کو نقصان نہیں پہنچا۔

2100- Doval- 9 Trargets

قومی سلامتی کے مشیر نے پاکستان اور پاکستان کے انتظام والے جموں و کشمیر میں لشکر طیبہ اور حزب المجاہدین کے ٹھکانوں سمیت دہشت گردی کے کیمپوں کا خاتمہ کرنے کیلئے 23منٹ میں بالکل درست حملہ کرنے کیلئے بھارتی مسلح افواج کی ستائش کی۔ جناب ڈوبھال نے تعصب پر مبنی غیر ملکی میڈیا کے بیانیے کی مذمت کی اور قومی سلامتی کے معاملات پر ذمہ دارانہ طریقے سے شواہد پر مبنی رپورٹنگ کرنے کیلئے کہا۔x

**DRDO Astra**

دفاعی تحقیق کے بھارتی ادارے DRDO اور بھارتی فضائیہ نے دیسی ساخت کے Astra میزائل کی آزمائشی پرواز آج کامیابی سے مکمل کی۔ بصارت کی حد سے پرے سطح سے سطح پر مار کرنے والے اِس میزائل کا اڈیشہ میں سکھوئی 30، MKI پلیٹ فارم سے کامیاب تجربہ کیا گیا۔ وزارت دفاع کے مطابق مختلف دو مقامات پر تیز رفتار غیر انسان بردار ہوائی نشانوں کے خلاف اِسے داغا گیا۔ دونوں معاملوں میں میزائلوں نے بے انتہا درستگی کے ساتھ اپنے نشانوں کو تباہ کیا۔ ٹیسٹ کے دوران سبھی دوسرے سسٹم بھی بالکل درست کام کرتے ہیں۔ اِن کامیاب آزمائشوں نے سودیسی Seeker سے تیار کردہ Astra ہتھیار کی درستگی اور قابل اعتبار کارکردگی کی دوبارہ توثیق کردی ہے۔Astra میزائل 100 کلو میٹر سے زیادہ مار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور یہ پتہ لگانے کے جدید ترین Navigation نظام سے لیس ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے DRDO، بھارتی فضائیہ اور اس میزائل کے ڈیزائن اور تیاری میں شامل صنعت کو اس کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ سودیسی Seeker سے بنے میزائل کا کامیاب تجربہ، اہم دفاعی ٹیکنالوجی کی راہ میں بڑا سنگ میل ہے۔ DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے بھی کامیاب آزمائشی پرواز میں شامل سبھی ٹیموں کو مبارکباد دی ہے۔x

**RAJNATH NATIONAL CADET**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے نیشنل کیڈٹ کور این سی سی کو ایک ایسا پلیٹ فارم قرار دیا جو ملک کے نوجوانوں کیلئے مثالی کام کرتا ہے۔انھوں نے NCC کے سابق کیڈٹوں کو ملک کے مضبوط ستون قرار دیا جو متنوع ستعبوں میں کی ترقی سرگرم طور پر تعون دے رہے ہیں۔ وزیر دفاع نے نئی دلی میں نیشنل کیڈٹ کے سابق کیڈٹوں کی ایسوسی ایشن کی گورننگ کونسل کی میٹنگ کی صدارت کی۔ انھوں نے اتماد کا اظہار کیا کہ NCC NCCAA کو مزید تقویت اور سمت عطا کرے گی۔x

**PM Rozgar Mela**

وزیر اعظم نریندر مودی ہفتے کے روز ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سرکار کے مختلف شعبوں اور تنظیموں میں ملازمت حاصل کرنے والے 51ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرری نامے تقسیم کریں گے۔ وزیر اعظم اِس موقعے پر

ملازمت حاصل کرنے والوں سے خطاب بھی کریں گے۔ پورے ملک کے 47مقامات پر یہ 16واں روزگار میلہ منعقد کیا جائے گا۔ مرکزی حکومت کی وزارتوں اور شعبوں میں یہ تقرریاں کی جارہی ہیں۔ پورے ملک سے یہ نئی تقرریاں حاصل کرنے والے نوجوان ریلوے کی وزارت ، وزارت داخلہ، وزارت صحت اور خاندانی بہبود، مزدوری اور ملازمت اور ڈاک کے محکمے سمیت دیگر شعبوں اور وزارتوں میں شامل ہوں گے۔ پورے ملک میں روزگار میلوں کے ذریعے اب تک 10لاکھ سے زیادہ تقرری نامے جاری کئے جاچکے ہیں۔ روزگار میلہ ملازمت پیدا کرنے کو ترجیح دیئے جانے کیلئے وزیر اعظم کے عہد کو پورا کرنے کی سمت ایک قدم ہے۔ ملک کی تعمیر میں شرکت اور اُن کو بااختیار بنانے کے لئے نوجوانوں کو بامعنی مواقع مہیا کرنے میں روزگار میلہ ایک اہم رول ادا کرے گا۔ x

## JPC One Nation one Election

ایک ملک ایک الیکشن سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ کی۔ 39اراکین پر مشتمل اس کمیٹی میں لوک سبھا کے 27اور راجیہ سبھا کے 12ممبران شامل ہیں۔ یہ میٹنگ 129ویں آئینی ترمیمی بل 2024اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے متعلق قوانین، ترمیمی بل 2024 کا وسیع طور پر جائزہ لینے کے عمل کے ایک حصے کے طور پر منعقد کی گئی تھی۔ جن کا مقصد لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کیلئے ایک ساتھ الیکشن کرانا ہے۔BJP ایم پی، پی پی چودھری کی قیادت میں پینل نے اپنے جاری تبادلۂ خیال کے حصے کے طور پر قانونی ماہرین کے ساتھ صلاح مشورہ کیا۔ میٹنگ میں سابق چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس جگدیش سنگھ کھیہر اور جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے ملک میں ایک ساتھ چناؤ کرانے کے معاملے پر کمیٹی کے سامنے Presentation پیش کئے۔BJP کے ایم پی انوراگ ٹھاکر، کانگریس ایم پی پرینکا گاندھی واڈرا، سماجوادی پارٹی ایم پی دھرمیندر یادو بھی میٹنگ کے شرکاء میں شامل تھے۔ ملک میں ایک ساتھ چناؤ کرانے کا نقطۂ نظر کوئی نیا نہیں ہے۔ آئین کو اپنانے کے بعد، 1951سے 1967 تک ملک میں لوک سبھا اور سبھی ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کیلئے ایک ساتھ چناؤ کرائے گئے تھے۔ البتہ 1968اور 1969میں کچھ ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کے مدت سے پہلے تحلیل کئے جانے کے سبب ایک ساتھ انتخابات کے عمل میں رخنہ پڑا۔x

## Amit Shah Ymauna

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں جمنا کے احیا پر ایک اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ دلّی آلودگی کنٹرول کمیٹی DPCC کو آبی آلودگی کی روک تھام کیلئے سرگرم طور پر کارروائی کرنے چاہیے۔ انہوں نے جمنا کیلئے آلودہ پانی کو قابلِ استعمال بنانے کے سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ STP کی صلاحیت کو 2028 تک 1500ملین گیلن یومیہ کرنے کی ہدایت دی۔ وزیر داخلہ نے جمنا میں ای–بہاؤ میں اضافہ کرنے پر خصوصی توجہ دی اور کہا کہ اس معاملے پر اترپردیش سرکار سے بات کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی تینوں ریاستوں، ہریانہ، دلّی اور اترپردیش کو جمنا کے احیا کیلئے کوششیں کرنی چاہئیں۔ x

### Home Secretary

حکومت نے داخلہ سکریٹری گووند موہن کو اگلے سال 22اگست تک خدمات میں توسیع دی ہے۔ اس سے پہلے جناب موہن اِس سال 30ستمبر کو سبکدوش ہونے والے تھے۔ کابینہ کی تقررات سے متعلق کمیٹی نے جناب موہن کی خدمات میں توسیع کو منظور کرلیا ہے۔x

### Rare Earth Magnet

حکومت ملک میں کمیاب ارضیاتی عناصر سے تیار ہونے والے مستقل مقناطیس، Rare Earth Magent کی تیاری کو فروغ دینے کیلئے ایک ہزار 345 کروڑ روپئے کی سبسڈی اسکیم لانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس بارے میں بین وزارتی مشاورت جاری ہے۔ یہ اطلاع آج نئی دلّی میں بھاری صنعتوں کی وزارت کے سکریٹری کامران رضوی نے ایک تقریب کے دوران دی۔ انھوں نے کہا کہ یہ اسکیم، کمیاب ارضیاتی Oxides کو مقناطیس میں تبدیل کرنے کیلئے شروع سے آخر تک مدد کرے گی۔

اس کے علاوہ سبسڈی کے ذریعے کمپنیوں کو کمیاب ارضیاتی Oxides کو مقناطیس میں تبدیل کرنے کیلئے پروسیسنگ مراکز قائم کرنے کی خاطر سرمایہ کاری میں آسانی ہوگی۔ یہ مجوزہ اسکیم ایسے وقت میں آرہی ہے جب چین نے کمیاب ارضیاتی مقناطیس کی برآمدات پر بندشیں عائد کردی ہیں، جس سے عالمی سپلائی متاثر ہوئی ہے اور الیکٹرانک گاڑیاں بنانے والوں پر اثر پڑا ہے۔x

### NHAI Fastags

بھارت کے قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی، NHAI نے غیر فعال Fastags کو بلیک لسٹ کرنے کی کارروائی تیز کردی ہے تا کہ ٹول ٹیکس وصولی کا عمل حسب معمول جاری رہے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے آج اپنے بیان میں کہا کہ غیر فعال Fastags، الیکٹرانک طریقے سے ٹول وصول کرنے کے عمل کیلئے چیلنج پیدا کرتے ہیں۔ NHAI نے اِس کام کیلئے وقف ای–میل ایڈریس فراہم کیا ہے اور ٹول وصول کرنے والی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِس طرح کے غیرفعال Fastags کی فوری اطلاع دیں۔ NHAI اِس کے بعد فوری کارروائی کرے گی اور اِن Fastags کو بلیک لسٹ کرے گی۔x

### CHHATISGARH MAOISTS SURRENDER

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں 22ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خود سپردگی کی۔ پولیس ڈسٹرکٹ سپرٹینڈنٹ Robinson Guria کے مطابق ان ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر 37لاکھ 50ہزار کا انعام تھا۔

S/B Robinson Guria SP

سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کو ریاستی سرکار کی بازآبادکاری کی نئی پالیسی کے تحت ترغیبات کے طور پر 50 ہزار روپے فی کس اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔x

## Amarnath Yatra

3جولائی سے شروع ہوئی 38روزہ سالانہ امرناتھ جی یاترا پُرامن طریقے سے حسب معمول جاری ہے۔ یاترا اپنے دونوں راستوں، جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلعے کے پہلگام بیس کیمپ اور وسطی کشمیر کے گاندر بَل ضلعے کے بالتل بیس کیمپ سے معمول کے مطابق جاری ہے۔ یاترا کا اختتام 9اگست کو رکشا بندھن پر ہوگا۔ امرناتھ یاترا کے عقیدتمندوں کی سلامتی میں اضافے کیلئے جموں وکشمیر پولیس نے سرینگر—جموں قومی شاہراہ پر Geo-fencing نگرانی نظام متعارف کرایا ہے۔ پیش ہے ہمارے نمائندے کی خصوصی رپورٹ ...

VC Tariq

## Population Day Nadda

آج آبادی کا عالمی دن ہے۔ یہ دن ہر سال 11جولائی کو منایا جاتا ہے تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے پیدا ہونے والے چیلنجوں اور مواقع پر توجہ مرکوز کی جاسکے۔ یہ آبادی سے متعلق خدشات کو دور کرنے اور ایک پائیدار مستقبل کیلئے کام کرنے کی یاد دہانی ہے۔ اِس سال آبادی کے عالمی دن کا موضوع ہے 'ماں اور بچے کی صحت اور تندرستی کیلئے حمل کا مناسب وقت اور حمل کے دوران وقفہ'۔ یہ موضوع، ماں اور بچے کی تندرستی کیلئے صحتمند نتائج کیلئے منصوبہ بند طریقے سے والدین بننے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ سرکار، آیوشمان آروگیہ مندر سمیت صحتِ عامہ کی سہولیات کے ذریعے پورے ملک میں خاندانی منصوبہ بندی کی ضروری خدمات فراہم کر رہی ہے، خاندانوں کو با اختیار بنا رہی ہے اور ایک صحت مند بھارت کیلئے راہ ہموار کر رہی ہے۔x

## Gujarat Bridge Tragedy

گجرات کے وزیر صحت رشی کیش پٹیل نے کہا ہے کہ حکومت نے وڈودرہ پُل حادثے کی اعلیٰ سطحی جانچ کی ہے۔ جانچ کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق، پُل کے جوڑ کا ٹوٹنا اور بنیاد کا ڈھہ جانا، Mujpur-Gambhira پُل حادثے کی وجہ بنا۔ جناب پٹیل نے وڈودرہ ضلعے کے Padra تعلقے کے Mujpur میں آج Gambhira پُل کے جائے حادثے کا دورہ کیا۔ اِس دوران انھوں نے یہ بات کہی۔ جناب پٹیل نے مزید کہا کہ جانچ کمیٹی 30دن کے اندر اپنی تفصیلی رپورٹ داخل کرے گی۔x

## Pakistan Killing

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں نامعلوم بندوق برداروں نے کم سے کم 9مسافروں کو اغوا کرکے ہلاک کردیا۔ یہ حملہ، Zhob کے نزدیک پیش آیا جہاں مسلح حملہ آوروں نے مسافر بسوں کو روکا، شناختی کارڈ چیک کیے اور لوگوں کو چُن چُن کر گولی مار دی۔ صوبائی حکومت کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ یہ واقعہ کل دیر شام پیش آیا۔ میڈیا کی بعض خبروں کے مطابق ہلاک کیے گئے سبھی 9افراد، پاکستانی فوجی انٹیلیجنس کے ایجنٹس تھے، جو کوئٹہ سے لاہور جا رہے تھے۔ اب تک کسی گروپ نے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔ x

## Test Cricket

کرکٹ میں لارڈس میں کھیلی جارہی اینڈرسن–تینڈولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں انگلینڈ کی ٹیم 387رن پر آؤٹ ہوگئی شروعاتی جھٹکوں کے بعد Joe Root نے 104رن کی بدولت اننگز کو سنبھالا۔ تاہم جسپریت بمرا نے 78رن کے عوض پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کرتے ہوئے 400رن تک پہنچنے کی انگلینڈ کی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا۔آخری خبریں ملنے تک بھارت نے پہلی اننگز میں 2وکٹ کے نقصان پر 80رن بنالئے ہیں۔x

## WIMBLEDON

ومبلڈن ٹینس میں اب سے کچھ دیر پہلے سیمی فائنل مقابلے میں Carlos Alcaraz نے Taylor Frits کو ہرا دیا ہے۔ اس طرح وہ مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ عالمی نمبر دو اسپین کے Carlos Alcaraz نے پانچویں درجے کے کھلاڑی Taylor Frits کو چار سیٹوں میں چھ–چار، پانچ–سات، چھ–تین اور سات–تین سے ہرایا۔ آج دیر رات دوسرے سیمی فائنل میں نوواک جوکووچ کا مقابلہ Jannik Sinner سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆